© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**آفتابِ نبوت در ردِ مرزائیت**

از چوہدری محمد سرفراز خاں ۔ ناشر: چوہدری محمد سرفراز چیمہ ، جفالی برادرز ، جدّہ ، (سعودی عرب)
پاکٹ سائز کے ۲۰۸ صفحات ۔ قیمت : درج نہیں ۔ مؤلف سے کالرہ کلاں ضلع گجرات کے پتے پر طلب کریں ۔

چوہدری محمد سرفراز خاں کی بہت سی کتابیں اور پمفلٹ دیکھے ۔ تنہا اس شخص نے خدمتِ دین کا بڑا کام کیا ہے ۔ در حیثیتِ مجموعی نقطۂ نظر بہت صاف ، معتدل اور صحیح قسم کا ہے ۔ اس وقت ردِ مرزائیت میں لکھی ہوئی یہ کتاب ہمارے سامنے ہے جس میں ایک سو دلائل سے مذکورہ فتنہ کا ابطال کیا گیا ہے ۔

کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ خاصے وسیع مطالعہ کے بعد اسے لکھا گیا ہے اور آیات و احادیث کی توضیح کرنے اور مرزا غلام احمد کی تحریروں کا پول کھولنے میں بڑی مہارت سے کام لیا گیا ہے ۔ قادیانیت کے موضوع پر یہ کتاب اردو لٹریچر میں ایک اچھا اضافہ ہے ۔

چوہدری صاحب نے چاہا تو یہ تھا کہ ایک ایسی کتاب مرتب ہو جائے جو نہ بہت مختصر ہو اور نہ زیادہ ضخیم ، لیکن جب وہ کام کرنے بیٹھے تو اچھی خاصی بڑی کتاب تیار ہو گئی ۔ میرا خیال یہ ہے کہ اس موضوع پر مسلسل کام ہوتے رہنا چاہیے ، کیونکہ مرزائی یا قادیانی یا احمدی حضرات مسلسل غلط فہمیاں پیدا کر کے یہ اثر ڈالنا چاہتے ہیں کہ ہم بھی اسلام کے علمبردار ہیں ، حالانکہ وہ ایک نئی جعلی نبوت کے گرد جمع ہونے والی ایک نئی اُمت ہیں ۔

© rasailojaraid.com